| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ | باب اوّل: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم |
| --- | --- |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ایفائے عہد کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو لفظ ایفائے عہد کا فلیش کارڈ دکھائیں اور بلند آواز سے پڑھوائیں۔ اُن سے پوچھیں وہ ایفائے عہد کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ طلبہ کو سوچنے کا موقع دیں اور اُن سے جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ ایفائے عہد کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 33 پر ایفائے عہد کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ایفائے عہد کا معنی ہے وعدہ پورا کرنا، یعنی کسی سے جو وعدہ یا قول کیا جائے اس کو پورا کیا جائے۔ وعدے کی پابندی، ایفائے عہد کہلاتی ہے۔
- انھیں بتائیں یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

  ترجمہ: اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ (سورۃ الزمر، 20)
- انھیں بتائیں ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے ہمیشہ وعدہ پورا کیا۔
- آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا ارشاد پاک ہے: ”جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں“۔ (مسند احمد: 5140)

- طلبہ کو بتائیں وعدہ پورا کرنے کی بہت سی صورتیں ہیں مثلاً کسی کی مدد کرنے کا وعدہ، کسی جگہ پہنچنے کا وعدہ وغیرہ۔
- انھیں سمجھائیں اگر ہم وعدہ پورا کریں گے تو زندگی کے ہر موڑ پر کامیابی نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہوگا اور آخرت میں اجرِ عظیم سے نوازے گا۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پابندی | پا۔بن۔دی | خیال۔لحاظ |
| دین | دِیْن | مذہب،ایمان |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(۳) طلبہ سے کاپیوں لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ کے درمیان کمرا جماعت میں ایفائے عہد کی اہمیت کے بارے میں مکالمہ کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: سیرت طیبہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اخلاقِ حسنہ |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے عفو و در گزر کو اپنا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم عفو و در گزر کرنے والے تھے۔ یعنی آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم اپنے بیگانے ہر ایک کی غلطیوں کو معاف کر دینے والے تھے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اسی اخلاقِ حسنہ کی وجہ سے دشمن بھی آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہتے تھے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 33 تا 34 عفو و در گزر کے متن کی پڑھائی کرائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عفو و در گزر کا مطلب ہے معاف کرنا اور بدلہ نہ لینا۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم دوسروں کی غلطیوں کو ہمیشہ معاف فرما دیتے، کبھی کسی سے بدلہ نہ لیتے تھے۔
- مکّہ کے لوگوں نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھائے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اتنا تنگ کیا کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو مکہ سے مدینہ ہجرت کرنا پڑی۔ لیکن آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم

نے ان کے ساتھ فتح مکہ کے موقع پر عفو و درگزر کی ایسی مثال قائم کی کہ اُس کی مثال آج تک نہیں ملتی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم نے اُن سب کو معاف کر دیا۔

- ایسا ہی طائف کے واقعہ میں نظر آتا ہے جب طائف والوں نے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم پر پتھر برسائے، طائف کے آوارہ لڑکوں کو آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم کے پیچھے لگا دیا گیا تب بھی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم نے کسی کے لیے کوئی بد دُعا نہیں کی بلکہ سب کو معاف کر کے ان کے لیے دُعا فرمائی۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بدلہ لینا | بدلَہ۔لینا | انتقام لینا |
| تاریخ | تا۔رِیخ | زمانہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً تصور دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۴) طلبہ سے کاپیوں پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم کے حسن اخلاق کے واقعات سنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق:** حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم کے اخلاق حسنہ |

**سوال:** نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم کی جو صفات بیان ہوئی ہیں ان میں سے دو بیان کریں۔

______________________________________

______________________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | باب اوّل: سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

### حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ کو اپنا سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرت اخلاق کا اعلیٰ پیکر تھی جس کی مثال پورے عالم اسلام میں کہیں نہیں ملتی۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بچپن ہی سے اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی مبارک زندگی ہمارے لیے نمونہ ہے۔
- طلبہ کو غزوۂ اُحد کا واقعہ سنائیں۔ حضرت عبداللہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: جب غزوۂ اُحد میں رسول کریم خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سامنے والے دانت مبارک شہید ہوئے اور آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا چہرۂ انور لہولہان ہو گیا تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ان کافروں کے لیے بددُعا فرما لیں۔ اس وقت ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "بے شک مجھے اللہ تعالیٰ نے طعنے دینے والا اور لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا بلکہ مجھے رحمت فرمانے والا

بنا کر بھیجا ہے پھر آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے دُعا فرمائی اے اللہ ! میری قوم کو ہدایت دے کیونکہ وہ مجھے نہیں جانتے۔

- طلبہ کو بتائیں اس واقعہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ بُرائی کا بدلہ کبھی بُرائی سے نہ لیں بلکہ سب کے ساتھ بھلائی سے پیش آئیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل لفظ | پڑھانے کا طریقہ | معنی |
|---|---|---|
| نمونہ | نِ۔ مو۔ نَہ | مثال |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصر اًدہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے مشق جزو(۲) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ سے پوچھیں کہ وہ پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر کتنا عمل کرتے ہیں؟